Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۲۵	مطبوعہ روز دوشنبہ بتاریخ ۹ ذیقعدہ ۱۳۴۳ھ مطابق ۲۲ جون ۱۹۲۵ء	جلد ۳۷

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصۂ مضمون	نمبر صفحہ
۱	رخصت انجنیر صاحب انہار	۱
۲	رخصت اسسٹنٹ سرجن	۲
۳	اضافہ یونس خان سپرنٹنڈنٹ صفائی	"
۴	تبادلہ پیارے لال صاحب سب انجنیر صاحب و ڈاکٹر احمد علی خان	۲ ۲ ۲
۵	رخصت اسسٹنٹ گورنمنٹ صاحب	۳
۶	رخصت میر ... صاحب	"
۷	وفات ...	"
۸	رخصت سپرنٹنڈنٹ جیل	"
۹	اخراج ...	"
۱۰	رخصت ...	"
۱۱	رخصت ...	۴
۱۲	تبادلہ ڈاکٹر ...	"
۱۳	تبادلہ ڈاکٹر احمد علی ... و ڈاکٹر من موہن لال	"
۱۴	اعلان کتب جدید الطبع کتب خانہ خاص	ضمیمہ

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

رخصت

۲۰ جون ۱۹۲۵ء

مثنٔہ عرضداشت صاحب سکریٹری بہادر انہار دربارہ منظوری رخصت دس یوم انجنیر صاحب انہار من ابتدا ۱۵ لغایت ۲۴ جون ۱۹۲۵ء بضرورت شادی برادر و نگرانی کام معمولی از ابو ظفر محمد سب اوورسیر

حکم

بموجب رپورٹ رخصت مطلوبہ دس یوم منظور ہو۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم و دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

۱۰ جون ۱۹۲۵ء

مثل یادداشت صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر در بارہ منظوری
رخصت دس یوم از ۱۰ جون ڈاکٹر تنگیانہ اسسٹنٹ سرجن برائے
شادی دختر۔ حسب سفارش چیف میڈیکل افسر صاحب
دس دن کی رخصت ۱۰ جون ۱۹۲۵ء سے منظور ہو۔ مشتہر کیو اسلیے
رخصت منظور ہوئی ہے۔ باہر نہین جاینگے۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
بغرض اجراء احکام صدر کو مرسل ہو۔ ۱۱ جون ۱۹۲۵ء

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

اضافہ

۱۰ جون ۱۹۲۵ء

مثل رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت و تعمیرات
در بارہ منظوری اضافہ مبلغ پانچ روپیہ ماہوار در تنخواہ محمد یونس خان
سپرنٹنڈنٹ صفائی بوجہ محنت و نوعیت کام

حکم

محمد یونس خان کی تنخواہ مین پانچ روپیہ ماہوار اضافہ بموجب رپورٹ
منظور ہو۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۱۲ جون ۱۹۲۵ء

حسب استدعاے صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر باتفاق راے صاحب
سکریٹری بہادر صنعت و حرفت منظور کیا جاتا ہے۔ ڈاکٹر سرن بہاری لال
ہیلتھ افسر میونسپلٹی مستقل طور سے شفاخانہ مین بجاے ڈاکٹر احمد علی خان
تبدیل کیے جائین۔ وہ شفاخانہ مین ایکسو پچیس روپیہ ماہانہ تنخواہ اور پچیس
روپیہ ماہوار اسپشل الاونس پائینگے اور شفاخانہ سے ڈاکٹر احمد علی خان بجاے
ہیلتھ افسر میونسپلٹی مین تبدیل کیے جائین وہ ایک سو روپیہ ماہوار تنخواہ
اور [illegible] ماہوار الاونس سواری میونسپلٹی سے پائینگے۔

۲- اس انتظام کے متعلق جو شرائط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر کی
رپورٹ ۱۱ اپریل ۱۹۲۵ء مین درج ہین اور جنسے صاحب سکریٹری بہادر
صنعت و حرفت نے اتفاق راے کیا ہے ان شرائط کی بھی منظوری دیجاتی ہے۔

۳- ڈاکٹر سرن بہاری لال اور ڈاکٹر احمد علی خان کی استدعا در باب
عہدہ اسسٹنٹ سرجن اسوقت قابل منظوری نہین ہے۔ اس لیے کہ اسسٹنٹ
سرجن کا عہدہ فی الحال خالی نہین اور جدید عہدہ قایم کرنا مقصود نہین ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے ایک نقل اس روبکاری کی صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت کے
پاس اور ایک نقل اسکی صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر کے پاس اور ایک
نقل بخشیگری کو مرسل ہو۔ اسمین صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر کی رپورٹ
۱۱ اپریل ۱۹۲۵ء کی پوری نقلین شامل کردیجائین اور درج گزٹ ہو۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

بغرض عرض — میرسایند

جناب عالی

ڈاکٹر سرن بہاری لال میونسپلٹی مین ہیلتھ افسر ہین اور اس عہدہ کی بابت [illegible]
ماہوار میونسپلٹی سے تنخواہ پاتے ہین اور [illegible] ماہوار شفاخانہ سے پاتے ہین
اور شفاخانہ مین بھی کام کرتے ہین۔ اب صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت
چاہتے ہین کہ ڈاکٹر احمد علی خان کا تبادلہ عہدہ ہیلتھ افسر پر کردیا جاے کیونکہ
اس عہدہ پر مذبح وغیرہ کے تعلق کیوجہ سے مسلمان ڈاکٹر کا ہونا ضروری ہے
ڈاکٹر احمد علی خان شفاخانہ مین ایک سو روپیہ ماہوار تنخواہ پاتے ہین ہیلتھ افسر کے
عہدہ پر انکو صیغہ میونسپلٹی سے [illegible] ماہوار مع الاونس سواری تنخواہ
ملیگی اور ڈاکٹر سرن بہاری لال بجاے ڈاکٹر احمد علی خان اپنی موجودہ تنخواہ
دو سو روپیہ ماہوار پر جسمین [illegible] تنخواہ اور [illegible] اسپشل الاونس ہوگا
مستقل شفاخانہ مین کام کرینگے اسسٹنٹ سرجن صاحب نے اس تبادلے سے
بشرائط ذیل اتفاق کیا ہے۔

(۱) ہیلتھ افسر اسسٹنٹ سرجن صاحب کی ہدایت و مشورہ سے حفظان صحت کا
کام کرینگے۔

(۲) ہیلتھ افسر کے دفتر مین جسقدر آدمی رہین گے جو موجودہ ہیلتھ افسر کے
دفتر مین ہین اور انکو تنخواہ صیغہ میونسپلٹی سے ملیگی۔ اور دفتر کے متعلق جو ضرورت
ہوگی اسکے بارہ مین ہیلتھ افسر میونسپل سکریٹری صاحب کو لکھینگے۔

(۳) حفظان صحت کے متعلق صفائی کا انتظام و ڈس انفکشن وغیرہ کے انتظام
کے بارہ مین ہیلتھ افسر اپنی تجویز سے میونسپل سکریٹری صاحب کو اطلاع
دینگے۔ اگر میونسپل سکریٹری صاحب نے ہیلتھ افسر کی تجویز کے مطابق انتظام

...ن کیا تو ہیلتھ افیسر براہ راست صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات کو
...ہیں گے -

(۲) ہیلتھ افیسر صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات کی براہ راست ماتحت
رہینگے - انکی پوزیشن میونسپل افسر کی برابر ہوگی - انکی حیثیت میونسپل
سکریٹری صاحب کے ماتحت نہوگی - باقی فرائض ہیلتھ افیسر کا تصفیہ
بعد صدور حکم تبادلہ ہو جائیگا -

صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت کو ان شرائط پر تبادلہ منظور ہے
اور ترقی خواہ کو بھی کوئی اعتراض نہیں ہے - لہذا عرضداشت ہذا بامید
صدور حکم منظوری انتظام بالا ارسال اجلاس ہمایون ہے -

دولت و اقبال جاوید باد

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
مورخہ ۱۱ اپریل ۱۹۲۵ء

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

رخصت

۱۴ رجون سنہ ۱۹۲۵ء

مثبتہ رپورٹ صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر دربارہ
منظوری رخصت ہشت یوم سید اعجاز علی صاحب اسپیشل مجسٹریٹ
درجہ دوم -

حکم

آٹھ دن کی رخصت منظور ہے - کاغذات واپس ہوں -
حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

احکام منظوری رخصت آٹھ یوم فوراً جاری ہوں - صاحب چیف مجسٹریٹ
کام کا انتظام فرمادیں -
۱۵ رجون سنہ ۱۹۲۵ء
دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۱۵ رجون سنہ ۱۹۲۵ء

مثبتہ رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر دربارہ منظوری
رخصت پندرہ یوم منشی ہردیو پرشاد صاحب افسر کارخانجات
بوجہ انتقال منشی نندکشور والد خود و تعلق کام رخصتی از
حبیب الرحمن خان اسسٹنٹ افسر کارخانجات -

حکم

بموجب رپورٹ رخصت مطلوبہ پندرہ یوم منظور ہے - احکام ضابطہ
جاری ہوں -
حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اضافہ جات

۱۵ رجون سنہ ۱۹۲۵ء

مثبتہ رپورٹ صاحب فائننشل سکریٹری بہادر دربارہ
اضافہ گماشتگان خزانہ صدر -

حکم

بابو پرشاد، لکھن لال، سندر لال گماشتگان کی تنخواہ میں پانچ پانچ
روپیہ ماہوار اضافہ یکم جون سنہ ۱۹۲۵ء سے منظور ہے احکام ضابطہ جاری ہوں
حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

۱۶ رجون سنہ ۱۹۲۵ء

مثبتہ رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت
بابت منظوری رخصت مزید بیست یوم سید علی اطہر سپرنٹنڈنٹ جنگی
بسلسلہ رخصت سابقہ -

حکم

بموجب رپورٹ بسلسلہ رخصت سابقہ بیست یوم کی مزید رخصت
۹ رجون سنہ ۱۹۲۵ء سے منظور ہے - احکام ضابطہ جاری ہوں -
حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

اخراج اسم

۹ رجون سنہ ۱۹۲۵ء

بصدور حکم بندگان حضور معلی دام اقبالہم وملکہم رقمزدہ ۲۰ رجون سنہ ۱۹۲۵ء
دربارہ اخراج نام سید قاسم علی سب انسپکٹر از ملازمت مثبتہ عرضداشت
اجلاس ہذا رقمزدہ ۴ رجون سنہ ۱۹۲۵ء و تحریرات صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر
پولیس باظہار ہونے حاضر سب انسپکٹر مذکور بعد ختم رخصت کے تا اطلاع
باوجود بھیجانے اطلاع نامنظوری رخصت مزید سب انسپکٹر مشمولہ کاغذات

حکم

بمنشاء حکم بندگان عالی حضور معلی دام اقبالہم وملکہم احکام جاری ہوں - چونکہ سب انسپکٹر
نامزد نوکری تھے لہذا انکی جگہ انتظام کی ضرورت نہیں ہے -
دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۱۵ جون ۱۹۲۵ء

مثبتہ رپورٹ صاحب مہتمم بندوبست دربارہ منظوری رخصت مزید پندرہ یوم مسمّٰی عابد حسین گرداور قانونگوی تحصیل ملک بانتظام سابق من ابتداء ۹ جون سنہ حال بوجہ علالت۔

حکم

پندرہ یوم کی مزید رخصت بانتظام سابقہ حسب سفارش صاحب مہتمم بندوبست منظور ہے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر واقع ۱۴ جون ۱۹۲۵ء

علی حسین محرر جوڈیشل تحصیل ملک کو دو مہینہ کی رخصت رعایتی مل چکی ہے اب انکی درخواست مزید رخصت ایکماہ کی آئی ہے۔ جو شخص محرر کا جیسا عہدہ اُس کا ذمہ دار ہوا تھا شائع ہو کہ اُسکا تبادلہ ہو رہا ہے لہذا اسوجہ سے اسی انتظام کی ضرورت ہے۔ یہ رخصت ایک ماہ کی بعیوض دیجائیگی۔ سید محمد علی تخفیف شدہ عوضاً علی حسین محرر جوڈیشل کا کام کرے اور انکی رخصت ایک ماہ بعیوض مذکور منظور ہے۔

حکم ہوکہ

احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تبادلہ

۱۶ جون ۱۹۲۵ء

مثبتہ تحریر صاحب چیف میڈیکل افسر دربارہ منظوری تبادلہ ڈاکٹر بہابیر پرشاد سب اسسٹنٹ سرجن ماموره شفاخانہ صدر در ریخ شہر بجائے ڈاکٹر مکند رام ڈاکٹر مکند رام در شفاخانہ صدر بکار ریجارجی کمپاؤنڈنگ روم۔

حکم

منظور ہے حسب صراحت تحریر صاحب چیف میڈیکل افسر صاحب احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تبادلہ

۱۶ جون ۱۹۲۵ء

مثبتہ تحریر صاحب چیف میڈیکل افسر صاحب دربارہ تبدیلی ڈاکٹر احمد علی خان مشاہرہ دو رکمصد روپیہ از شفاخانہ جیل در صدر شفاخانہ بجائے ڈاکٹر مدنموہن لال و تبدیلی ڈاکٹر مدنموہن لال مشاہرہ دار عسہ در شفاخانہ جیل بعطائے دس روپیہ ماہوار الاونس جو بابت کارکردگی شفاخانہ جیل ملتا ہے و عملدرآمد تبادلہ از ۱۰ جون ۱۹۲۵ء

حکم

منظور ہے حسب صراحت تحریر چیف میڈیکل افسر صاحب احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

علمی ذخیرہ

اعلیحضرت خلد اللہ ملکہ کے حکم سے کتب ذیل تالیف ہو کر طبع ہو گئی ہیں ایسا ذخیرہ مشکل سے ہاتھ آتا ہے۔ اس نادر موقع سے ضرور فائدہ اٹھائیے خود بھی خرید فرما کر پڑھیے اور احباب کو دکھائیے۔

قول شافی۔ یہ حدیث کی مشہور کتاب کافی کا اُردو ترجمہ ہے۔ اسکی عمدگی اسکے نام سے ظاہر ہے۔ جلد دوم کا پہلا حصہ چھپ چکا ہے۔ قیمت علاوہ محصول ڈاک صرف ۱۲ آنہ ہے

التوحید۔ یہ کتاب جامع حامدی کی جلد اول کا پہلا حصہ ہے۔ اسمیں خداوند عالم کے وجود اسکی توحید اور صفات سے مفصل بحث کی گئی ہے۔ اسکی قیمت بھی علاوہ محصول ڈاک صرف ۱۲ آنہ ہے

خصائص معاویہ۔ یہ کتاب حصہ چہارم جلد اول جامع حامدی کے ملحقات میں ہے۔ جو دراصل محمد بن عقیل حضرمی کی مشہور کتاب نصائح کافیہ کا ترجمہ ہے بعض مطالب کا اسمیں اضافہ کیا گیا ہے قیمت علاوہ محصول ڈاک صرف ۸ آنہ ہے جسقدر نسخے مطلوب ہوں درخواست منعم صاحب کتب خانہ سرکاری کی خدمت میں ارسال فرمائیے۔

ذوالفقار حسین مہتم تالیفات ریاست رامپور

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۱۵ لغایت ۲۱ جون سنہ ۱۹۲۵ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۸۶		۷ ہار	۷ ہار	۷ ہار	۷۰ ہار	
نخود خالص	۸۰ ہار		۸ ہار	۹ ہار	۸ ہار	۸ ہار	
نخود کسہ آمیز	۸ ہار		۹ ہار	۹ ہار	۸۰ ہار	۸۰ ہار	
کسر	۹ ہار		۹ ہار	۱۰ ہار	۹۰ ہار	۹ ہار	
ماش	۶ ہار		۶ ہار	۶ ہار	۶ ہار	۶ ہار	
مونگ	۶ ہار		۰	۰	۰	۶ ہار	
مکا	۹ ہار		۰	۰	۰	۰	
جئی	۱۰ ہار		۱۰ ہار	۱۰ ہار	۱۲ ہار	۱۰۰ ہار	
گوجی	۹ ہار		۷۰ ہار	۹ ہار	۱۰ ہار ۷۰ ہار	۸ ہار	
عدس	۸ ہار		۹ ہار	۹ ہار	۸۰ ہار	۷ ہار	
ارہر	۱۰ ہار		۱۰ ہار	۱۱ ہار	۱۲ ہار	۱۱ ہار	
برنج	۴ ہار		۴ ہار		۴۰ ہار	۴۰ ہار	
روغن زرد	۰ چھٹانک		۰ ہار	۰ ہار	۰ ہار	[illegible]	
روغن سیاہ	۱ ہار		۱ ہار	۱ ہار	۱ ہار	۱۰ ہار	
روغن کنجد	۱ ہار		۰	۱ ہار	۱ ہار	۱ ہار	
نمک سانبھر	۱۲ ہار		۱۲ ہار	۱۰ ہار	۱۱ ہار	۱۱ ہار	
نمک لاہوری	۶ ہار		۶ ہار	۵ ہار		۷ ہار	
قند سیاہ	۳۰ ہار		۴ ہار	۴ ہار	۴ ہار	۴ ہار	
باجرہ	۰		۰	۰	۰	۰	